اور جدید افکار'' کے تحت اسلامی تہذیب و معاشرت، نظم مملکت، کسب و عمل، اخلاقیات، اور اسلام کے نظریۂ تعلیم و تربیت پر بحث کی گئی ہے۔

دو ماہ کے قلیل عرصہ میں ترتیب دی جانے والی اس کتاب کی صحیح حروف خوانی نہ ہونے کی وجہ سے اس میں بہت سی اغلاط رہ گئی ہیں، اس کے علاوہ حوالہ جات کے عدم اہتمام نے اس کتاب کے پایۂ ثقاہت کو کم کر دیا ہے۔ طباعت بھی عام نصابی کتابوں کے معیار کی ہے۔ مجموعی طور پر دونوں حضرات کی یہ علمی کاوش قابل قدر ہے، جنہوں نے مختصر سے وقت میں اس قدر قیمتی مجموعہ ترتیب دے کر ایک بڑے علمی خلا کو پُر کر دیا ہے۔ امید کی جانی چاہئے کہ اساتذۂ اسلامیات طلباء کو اس کتاب کے مطالعے کی طرف بھرپور رغبت دلائیں گے، اور نصابی ضرورتوں کو پیشِ نظر رکھ کر لکھی جانے والی کتابوں میں یہ ذوق عام ہو کر طلباء کی ذھنی تربیت کا باعث بنے گا۔

---

نام کتاب : ''کلمات''

مؤلف: ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن

ضخامت: ۱۰۷ر صفحات

ناشر: پروگریسو بکس ۴۰ ر بی، اردو بازار لاہور

قیمت: درج نہیں،

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن،

ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمٰن بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے وابستہ ہیں اور وہاں سے اردو میں شائع ہونے والے دینی و علمی مجلے سہ ماہی فکر و نظر کے مدیر بھی ہیں۔

زیر نظر مختصر کتاب ان کی مختلف موضوعات پر کی جانے والی تقاریر کا مجموعہ ہے۔ اس سے قبل بھی ان کی تحریر و مرتب کردہ کئی ایک کتب شائع ہو چکی ہیں، جن سے ایک خوشگوار تاثر یہ قائم ہوتا ہے کہ ان کا تعلق براہ راست یا بالواسطہ ہادیٔ اعظم نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات سے ہے۔ اس مجموعے کا بھی اکثر حصہ قرآن و سنت ہی سے

متعلق ہے۔ مجموعی طور پر اس میں کل دس مضامین ہیں، جن کو چار عنوانات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔

۱-اسوۂ حسنہ، ۲-قرآن وسیرت، ۳-اصحابی کالنجوم، ۴-اقبالیات،

انداز بیان مجموعی طور پر سادہ ہے، اور چونکہ تمام مضامین کسی نہ کسی تقریب میں پڑھے گئے ہیں، اس لئے ان میں خطابتی اسلوب نمایاں ہے۔ کتاب کی ترتیب مناسب ہے۔ طباعت بھی معیاری ہے۔

---

ROYAL
BOOK DEPOT
Publishers and Printers,
Book Sellers, Stationers,
Government Contractors
& General Order Suppliers
FOUJDARI ROAD,
HYDERABAD SINDH.
TEL: 0221-781349